سوال

(805)جنات کو پانی کی بوتل میں قید کرنے والے عامل سے علاج کروانا ٹھیک ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک اہل حدیث عامل جادو کے علاج کے سلسلے میں قرآن پڑھ کر جنات کو پانی بھری بوتل میں قید کرتا ہے اورکچھ دنوں کے بعد وہ پانی ضائع کردیتا ہے۔ کیا یہ طریقہ درست ہے ؟

ایک اہل حدیث عامل نے پہلے جنات تابع کرکے رکھے تھے۔ اب اس کے پاس جنات نہیں ہیں۔ کیا ایسے عامل سے علاج کروانا ٹھیک ہے ؟ جزاک اللہ خیراً (عثمان بھٹہ) (۱۶ مئی ۲۰۰۸ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنات کو پانی بھری بوتلوں میں بند کرنے کا دعویٰ کرنا محض مکروفریب اوراسوۂ نبوی کے خلاف ہے۔ ''صحیح بخاری ''کتاب الصلوٰۃ وغیرہ میں واقعہ معروف ہے کہ آپ کو جنات کے قید کرنے پر قدرت حاصل تھی۔ لیکن حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا رَبِّ هَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّن بَعْدِي (صٓ:۳۵) کے پیش نظر آپ نے ایسا نہیں کیا۔ مقام نبوت کا احترام ہم پر بھی واجب ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،متفرقات :صفحہ:553

محدث فتویٰ